28/06/2026

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں عمر مختار

من کی بات

وزیر اعظم نریندر مودی نے ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت کے اس دور میں لوگوں کی تخلیقی صلاحیتوں کو محفوظ کرنے پر زور دیا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ نالندا یونیورسٹی نے اس مسلے کا حل نکالا ہے اور وہ اب بھارت کی تقدیر ایک نئے انداز میں دیکھ رہی ہے ۔ آکاشوانی پر آج من کی بات کے اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام میں مختلف موضوعات پر خیالات کا اظہار کرتے ہوئے وزیر اعظم نے پانی کو محفوظ کرنے کی ضرورت بھی اجا گر کی اور کہا کہ پانی کی ایک ایک بوندھ کو بچایا جانا چاہئے ۔

وزیر اعظم نے صفائی ستھرائی یقینی بنانے پر بھی زور دیا اور کہا کہ اپنے آس پڑوس کے کچرے کو مناسب طور پر ٹھکانے لگا کر دوبارہ استعمال میں لایا جانا چاہئے ۔

وزیر اعظم نے اس بات پر اطمینان کا اظہار کیا کہ بھارتی ثقافت آج دنیا کے مختلف گوشوں تک پہنچ رہی ہے ۔

وزیر اعظم نے 'پردھان منتری جیون جیوتی بیمہ یوجنا کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ اس اسکیم کے تحت ایک کنبے کو دو لاکھ روپے کا بیمہ محض 436 روپے کے پریمیم کے عوض فراہم کیا جا رہا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ ابھی تک اس سکیم کے تحت 27 کروڑ لوگوں نے اندراج کرایا ہے جبکہ گیارہ لاکھ کنبوں کو اس سکیم کے تحت قریب 22 ہزار کروڑ روپے کی امداد فراہم کی جا چکی ہے ۔ وزیر اعظم نے دیگر کئی موضوعات پر تبادلہ خیال کیا جن میں MSME ، آتم نربھر بھارت ، خلائی تحقیق میں بھارت کی کامیابیاں ، کھیل کود اور دیگر شعبے شامل ہیں ۔

------PM CUT 2-----

SANJYلیفٹیننٹ گورنر

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ شری امرناتھ جی یاترا دنیا کو ہماری بے لوث خدمت، ہمدردی اور مہمان نوازی کی ثقافت دکھانے کا موقع ہے۔انہوں نے سماج کے تمام طبقات سے اپیل کی کہ وہ اس پوتر یاترا کے احسن انعقاد کے لئے اپنا رول ادا کریں ۔ انہوں نے کہا ہے کہ یہ یاترا سماجی ہم آہنگی کی حقیقی علامت ہے۔

ان باتوں کا اظہار انہوں نے کل سرینگر میں سول سوسائٹی ارکان، تجارتی انجمنوں کے نمائندوں اور مذہبی
رہنماو

---

ں سے ملاقات کر نے کے دوران کیا۔تقریب میں سول سوسائٹی کے اراکین نے یاترا کے کامیاب ۂ انعقاد کے لیے مکمل تعاون کا یقین دلایا . .

SKICCلیفٹیننٹ گورنر

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ قدیم بھارت نے ایک ایسا ماحول فراہم کیا ہے جہاں اسلام، عیسایت، یہودیت اور دیگر مذاہب کو پھلنے پھولنے کی آزادی ملی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہزاروں سال پہلے ہمارے رشیوں اور سنتوں نے کہا تھا کہ سچائی کسی ایک راستے تک محدود نہیں ہے اور اس تک پہنچنے کے بہت سے راستے ہیں۔

ایس کے آئی سی سی سرینگر میننیشنل کونسل فار پروموشن آف
ا

---

ردو لنگویج اور اِنٹر فیتھ ہارمونی ±
فاو

---

نڈیشن آف انڈیا کے زیر اہتمام منعقدہ ”بین المذاہب مکالمہ“ پروگرام سے خطاب کر تے ہوئے ۂ ایل جی نے کہا کہ بھارت اور اس کے قدیم فلسفے نے کبھی کسی کو اپنا عقیدہ چھوڑنے کو نہیں کہا۔ بھارت ہمیشہ یہ پیغام دیتا آیا ہے کہ اپنا عقیدہ، روایات ساتھ لائیں اور ہمارے ساتھ ہم آہنگی کے ساتھ زندگی گزاریں۔

پلس پولیو

آج ملک بھر کے ساتھ ساتھ جموں و کشمیر میں بھی پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو مخالف قطرے پلائے جا رہے ہیں ۔ دو بوندھ زندگی کی اس مہم کے لئے جگہ جگہ پر مراکز قائم کئے گئے ہیں ۔ محکمہ صحت نے اس حوالے سے تمام انتظامات کو پہلے ہی حتمی شکل دے دی ہے ۔

اس دوران صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ جمونوکشمیر میں پلس پولیو مہم کے تحت5 سال تک کی عمر کے قریب19لاکھ بچوں کو پولیو مخالف قطرے پلائے جائیں گے۔

وزیر موصوفہ نے اس سلسلے میں سبھی متعلقہ والدین سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے بچوں کو نزدیکی پولیو مراکز تک پہنچاکر دو بوندھ زندگی کے ضرور پلائیں۔

**اننت ناگ**

اننت ناگ میں سوا ندھی سے سمرِدھی سکیم کے تحت 671 چھاپڑی فروشوں کو سکیم کے دائرے میں لایا گیا ہے جن میں سے کئی افراد کو کریڈٹ کارڈ بھی فراہم کیے گئے ہیں ۔ اس بات کی جانکاری چیف ایگزیکیوٹو آفیسر میونسپل کونسل اننت ناگ نے ضلع انتظامیہ اور میونسپل کونسل اننت ناگ کی جانب سے منعقدہ ایک بیداری کیمپ کے دوران دی ۔انہوں نے کہا کہ سکیم کے تحت وینڈرز کو 10 ،15 اور 25 ہزار روپے ضمانتی قرضے فراہم کیے جاتے ہیں۔

**بانڈی پورہ**

جموں و کشمیر نشہ مکت ابھیان کے تحت ضلع بانڈی پورہ مینپولیس کی جانب سے منشیات مخالف کارروائیوں کے دوران 53 منشیات فروشوں کی ڈرائیونگ لائسنس اور 5 پاسپورٹ کی منسوخی کی سفارش کی گئی ہے۔ اس دوران ضلعے میں سو روزہ نشہ مکت ابھیان کے تحت 38 ہزار 745 بیداری پروگرام منعقد کئے گئے ۔ اس بات کی جانکاری ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ بانڈی پورہ کمیٹی NCORD اندو کنول چِب کو منی سیکریٹریٹ کے کانفرنس ہال میں منعقدہ ضلع سطح کی کی میٹنگ کے دوران دی گئی ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

* * * * * * * * * * * *